فارسی زبان سکھانے والی بہترین درسی کتاب

کتابِ فارسی

حصہ اول

برائے

طلبائے تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان

مفتی محمد اشرف القادری

مکتبہ قادریہ عالمیہ نیک آباد ☆ گجرات

فارسی زبان کی صرف و نحو اور قدیم و جدید ادب کا حسین مرقع

کتابِ فارسی

حصہ اول

برائے

طلبائے تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان

مفتی محمد اشرف القادری

مکتبہ قادریہ عالمیہ نیک آباد گجرات فون: ۲۸۳۶

سلسلہ اشاعت نمبر ۴

60377

نام کتاب ــــــــــ کتاب فارسی

صفحات ــــــــــ ۱۴۴

مصنف ــــــــــ مفتی محمد اشرف القادری

تقدیم ــــــــــ مولانا علامہ محمد منشا تابش قصوری

سن تصنیف ــــــــــ ۱۴۰۰ھ مطابق ۱۹۸۰ء

تاریخ اشاعت ــــــــــ رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ مطابق اپریل ۱۹۸۹ء

بار ــــــــــ اول

کتابت سرورق ــــــــــ سلطانیہ دارالکتابت جی ٹی روڈ گکھڑ

کتابت ــــــــــ محمد شریف اختر خوشنویس (پھالیہ)

پیشکش ــــــــــ اہل سنت اکیڈمی نیک آباد

ناشر ــــــــــ مکتبہ قادریہ عالمیہ نیک آباد گجرات

مطبع ــــــــــ نصرت پریس ، لاہور

قیمت ۱۵ روپے

ملنے کا پتہ

مکتبہ قادریہ عالمیہ نیک آباد گجرات

مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور

کی زینت بن چکے ہیں۔ تاہم کہ زبان و ادب اور گرامر پر ہے۔ خصوصاً فارسی گرامر جو درحقیقت عربی گرامر کی اساس ہے۔ اگر طلباء فارسی گرامر کے قواعد ازبر کر لیں تو عربی صرف و نحو کی تفہیم آسان تر امر ہے۔

ایسے جمود میں عالمی مبلغ اسلام حضرت شیخ التفسیر و الحدیث مولانا علامہ الحاج صاحبزادہ مفتی محمد اشرف القادری نیک آبادی مدظلہ کی ذات ستودہ صفات نے مدارس اسلامیہ کے فارسی نصاب کے لیے نہایت عمدہ، زود اثر، سہل ترین "**کتاب فارسی**" تصنیف فرما کر ملک و ملت کے دینی و علمی حلقوں پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے۔ حقیقت ہے کہ دینی درسگاہوں میں فارسی زبان و ادب پر آج کوئی بھی ابتدائی کتاب میسر نہیں جسے طلباء کی تعمیری و تعلیمی صلاحیتوں کو جلا بخشنے کے لئے بطور مثال پیش کیا جا سکے۔ ایسے حالات میں ایسی مفید کتاب کی جلوہ گری علماء مدارس دینیہ کی ایک دیرینہ آرزو کی تکمیل کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگی۔

علامہ موصوف چونکہ ہر شعبہ علم کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں اس لیے انہوں نے اپنے تدریسی تجربہ کا عطر "**کتاب فارسی**" کی صورت میں عنایت فرما دیا ہے جس کی خوشبو سے نہ صرف موجودہ بلکہ آنے والی نسلیں بھی مہکتی رہیں گی۔

کسی بھی دوسری زبان پر عبور حاصل کرنے کے لئے ترجمہ میں استعداد پیدا کرنا اشد ضروری ہے مگر دیکھا گیا ہے کہ طلباء ترجمہ سے اکثر کنی کتراتے ہیں۔ ان کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو چکی ہوتی ہے کہ انہیں ترجمہ آ ہی نہیں سکے گا لہٰذا وہ اس طرف توجہ ہی نہیں دیتے۔ اسی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ زبان انہیں نہیں آتی اور وہ ناکامی سے دوچار ہو جاتے ہیں مولانا موصوف نے طلباء کی اس نفسیاتی کمزوری کو جانچا اور اس کا نہایت مؤثر علاج "فارسی کی پہلی کتاب" کی صورت میں کر دیا ہے۔ کتاب کو اس طریقے سے ترتیب دیا گیا ہے کہ آسان سے مشکل کی طرف اور معلوم سے نامعلوم کی طرف رہنمائی کی گئی ہے۔ یہ کتاب ایک مقدمہ، تین باب، چھتیس ۳۶ دروس مع تمارین اور فرہنگ پر مشتمل ہے۔

اساتذہ کرام کو بوقت تدریس کتاب کی ترتیب کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے مقدمہ جو کہ

اصطلاحات صرفیہ، قواعد وضوابط اور مصادر پر مشتمل ہے وہ اس انداز پر لکھا گیا ہے کہ جب طلباء ایک سبق سے دوسرے سبق کی طرف بڑھیں گے تو ایک ایک قاعدہ اور متعلقہ مصادر ان کے سامنے ہوگا، پھر ہر سبق کے بعد تمرین درج کی گئی، پہلی تمرین پر دوسری کا انحصار ہے، جوں جوں طلبہ قواعد کی مشقیں کریں گے، پچھلے قاعدے ذہن نشین ہوتے چلے جائیں گے۔ اس طرح ان میں اتنی استعداد ہو جائے گی کہ وہ تھوڑی سی محنت سے فقرے اور جملے بنانا شروع کر دیں گے، کتاب میں ضرورت کے مطابق ذخیرہ الفاظ بھی مہیا کیا گیا ہے جو فرہنگ کی صورت میں موجود ہے۔

مدرسین حضرات اگر ابتدا سے مصادر اور ان کے معانی زبانی یاد کرائیں تو تکمیل تک پہنچتے پہنچتے کتاب میں دیئے گئے تمام مصادر حفظ کر چکے ہوں گے۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ تمام افعال کی چابی طلباء کے ہاتھ ہوگی۔ پھر ان کے لیے بڑی حد تک آسانی پیدا ہو جائے گی۔ اگر مدرسین حضرات ہر قاعدہ سمجھا دینے کے بعد طلباء سے اپنے سامنے جملے بنوائیں نیز انہیں لکھائی کا کام دیں تو اس طریقہ سے بھی تعلیمی معیار بلند ہو سکتا ہے۔ بہر حال یہ کتاب اس دور میں طلباء و مدرسین کے لیے نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں۔ اس مفید ترین کاوش پر مصنف کو جتنا بھی ہدیہ تبریک پیش کیا جائے کم ہے۔ ارباب علم و اہل سنت کو چاہیئے کہ اس بہترین کتاب کو اپنے مدارس کے طلباء کو پڑھا کر مصنف کی محنت کو داد دیں اور طلباء سے دعائیں لیں۔ فقط

تابش قصوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الحبیب الکریم

حرف اول

مدرسین کیلئے ہدایات

① پڑھانے سے پہلے ایک بار پوری کتاب کا مطالعہ کر لیجئے تاکہ اس کے مندرجات، طرز بیان اور طریق تعلیم سے آگاہی حاصل ہو اور دوران تدریس کتاب کا ایک جامع خاکہ ہمیشہ ذہن کے سامنے رہے۔

② کوئی بھی سبق پڑھانے سے پہلے اس کا بغور مطالعہ کریں اور مقدمہ و فرہنگ کی مدد سے سبق کے عنوان کا مفہوم، پھر سبق میں دیئے گئے الفاظ کے معانی اور ترکیبیں پھر تمرین میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات اچھی طرح سوچ سمجھ کر ذہن نشین فرمائیں

③ طلبہ کو سب سے پہلے اصطلاحات سمجھا کر یاد کرا دیں پھر کتاب کے اصل اسباق شروع کرائیں۔

④ جو سا سبق پڑھانا ہو پہلے اس کے عنوان کا مفہوم طلبہ کو سمجھا کر ذہن نشین کرائیں پھر پہلے گردان کے مفرد الفاظ کے معنے یاد کرائیں پھر اس کے نیچے دیئے ہوئے مرکبات کا ترجمہ کرائیں پھر سبق کے آخر میں دیئے گئے متعلق قواعد جو تمرین کے سوالات میں پوچھے گئے ہیں طلبہ کو اچھی طرح سمجھا کر ان مرکبات کے ایک دو نقشوں میں پہلے خود اجرا کر کے دکھائیں پھر باقی نقشوں میں باری باری سب طلبہ سے قواعد کا اجرا کرائیں اس نقشے سے پہلے اگر ممکن ہو تو تختہ سیاہ سے مدد لی جائے ان میں ایک ایک نقشے کی بعد ازاں ترکیب نحوی کر کے طلبہ کو دکھائیں پھر باقی نقشوں کی نحوی ترکیب طلبہ کی زبان سے سنوائیں۔

اس طریقے سے جب تمام طلبہ کو ایک جیسے کے مفردات کے معانی ... بات

ے ترجمے دوران سے متعلقہ قواعد ازبر نہ ہو جائیں اور طلبہ اس پیرے کے مرکبات میں قواعد کے اجراء میں طاق نہ ہو جائیں تب تک اگلا پیراگراف پڑھانا ہرگز شروع نہ کریں بلکہ اسی پیراگراف کو پھر پڑھائیں سمجھائیں اور اس کے قواعد کا اجراء کرائیں۔

جب مذکورہ بالا طریقے سے ایک پیراگراف مع لوازمات یاد ہو جائے تو سبق کا دوسرا پیراگراف شروع کریں اور اسے بھی اسی طریقے سے پڑھائیں۔ وعلی ھذا القیاس باقی پیرے پڑھاتے جائیں۔ اسی طرح پورا سبق ختم کریں۔

یاد رکھیے کہ ایک محنتی و شفیق استاد کے پڑھانے میں یہی خوبی ہوتی ہے کہ سبق پڑھنے کے دوران ہی طلبہ کو سبق یاد بھی ہو جائے۔

⑤ سبق کے ختم ہونے پر اس کی تمرین پہلے زبانی پھر تحریری صورت پر حل کریں۔ زبانی اس طرح کہ تمرین میں پوچھا ہوا ایک ایک نقطہ یا سوال تختہ سیاہ پر لکھتے یا زبانی بولتے جائیں اور باری باری ایک ایک طالب علم سے اس کا ترجمہ یا جواب سنتے جائیں اور تحریری اس طرح کہ ہر طالب علم اس کام کے علاوہ اپنے وقت میں ایک کاپی میں جو اسی کام کے لئے مخصوص ہو، تمرین کے سوالات کے جواب نہایت خوشخطی کے ساتھ لکھے اور اگلے روز استاذ صاحب سے چیک کرائے۔ اور استاذ صاحب چیک کرکے اگر کوئی غلطی پائیں تو اس کی نشاندہی کر دیں پھر اپنے دستخط اور تاریخ ثبت فرما دیں۔

اگر آپ نے ہماری بیان کردہ چوتھی ہدایت پر عمل پیرا ہو کر سبق پڑھایا ہوگا تو طالب علم خود بخود پوری تمرین حل کرے گا اور آپ کو کوئی حل بتانے کی قطعی ضرورت نہیں پڑے گی۔ بصورت دیگر اگر آپ کی طرف سے معمولی سا بھی اشارہ کر دینے کے باوجود بھی طالب علم تمرین حل نہ کر سکے تو یہ قصور مسکین طالب علم کا نہیں بلکہ آپ کا ہے۔ ایسی صورت میں ضروری ہے کہ عزیز طلبہ پر شفقت فرماتے ہوئے استاذ صاحب اپنے طریقۂ تعلیم پر نظر ثانی فرمائیں۔

⑥ دوسرے اور تیسرے باب کے اسباق میں فی الحال تمرینیں نہیں دی جا سکیں۔ انہیں ہر سبق کے مصادر مع معانی و مضارع ضرور یاد کرائیں، صیغے بھی پوچھیں اور سبق مع اردو

ے [illegible]وں اور خوش خطی کی پابندی کرائیں، تاکہ ان کو شروع ہی سے صحیح اور خوشخط لکھنے کی عادت پڑ جائے۔

⑩ کتاب کا باب اول درج بالا ہدایات کے مطابق دو ماہ میں مکمل کرائیں۔ جبکہ باقی دو ابواب کے لیے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کافی ہوگا۔

⑪ اگر اس کتاب سے پہلے ہمارا "آسان فارسی قاعدہ" یا "فارسی قاعدہ" از مولانا مفتی عبدالرشید فتحپوری کے صرف سولہ سبق پڑھائیں تو بہت مناسب رہے گا۔

آخر میں ارباب علم و تحقیق کی خدمت میں التماس ہے کہ اس کتاب میں اگر کوئی غلطی پائیں تو بندہ کو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ طباعت میں اس کی اصلاح کی جا سکے

احقر العباد

محمد اشرف القادری عفاعنہ ربہ الحفی

اہلسنت اکیڈمی، خانقاہ قادریہ عالمیہ، نیک آباد، گجرات (پاکستان)

مورخہ ۹ شعبان المعظم ۱۴۰۹ھ مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۸۹ء

مُقدّمہ

(اصطلاحات، تعارف صرف و نحو و اہم قواعد زبان فارسی)

بابِ اوّل

باب دوم

(منثوراتِ مختلف)

باب سوم ۱۱۷

(حصۂ نظم)

فرہنگ ۱۲۷

مقدمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اصطلاحات فارسی صرف و نحو کا تعارف و اہم قواعد

ضروری اصطلاحیں

جیسے "زید آیا" (آمد زید)

زمانہ: وہ ہے جس سے کسی کی بات بنی ہو

جیسے تو آیا (تو آمدی)

مستقل: وہ ہے جو خود اپنی بات کہے جیسے آیا، گیا

ماضی: گزرا ہوا زمانہ

حال: موجودہ زمانہ

مستقبل: آنے والا زمانہ

فعل: وہ ہے جس سے کسی زمانے میں ہونی کو سمجھا جاتا ہے

فاعل: کام کے کرنے والے کو کہتے ہیں

مفعول: جس پر کام واقع ہو جیسے زید نے خالد کو مارا "مارا" فعل ہے "زید" فاعل ہے اور "خالد" مفعول ہے

لازم: وہ فعل ہے جو صرف فاعل پر پورا ہو جائے جیسے "زید آیا" "میں گیا"

متعدی: وہ فعل ہے جو فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہے جیسے "زید نے خالد کو مارا" میں "مارا"

مصدر: وہ کلمہ جس سے فعل وغیرہ نکلیں جیسے آمدن آنا

زبان فارسی کے علم نحو کا تعارف!!

علم نحو کی تعریف: علم نحو وہ علم ہے جس کے ذریعے ہمیں فارسی کلموں کو آپس میں جوڑنے اور فارسی کلام بنانے کے طریقے معلوم ہوتے ہیں

موضوع: علم نحو کا موضوع فارسی کلمہ اور کلام ہے فارسی نحو میں کلموں کی بحث اس لحاظ سے ہوتی ہے کہ انہیں آپس میں کس طرح جوڑنا چاہیئے اور کس طرح نہیں جوڑنا چاہیئے

علم نحو کا فائدہ: علم نحو کا فائدہ یہ ہے کہ اس کی مدد سے ہم فارسی کلموں کی ترکیب (آپس میں جوڑنے) اور فارسی کلام کے بنانے اور سمجھنے میں غلطی کرنے سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

کلمہ کی قسمیں

کلمہ کی تین قسمیں ہیں: اسم، فعل اور حرف۔

اسم: اسم وہ کلمہ ہے جو کسی شخص، جگہ، زمانے، چیز، صفت یا کیفیت کا نام ہو جیسے: احمد، کعبہ، رمضان، کتاب، پاک، گرم، وغیرہ

فعل: فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا معلوم ہو، اور اس کی ہیئت (شکل وصورت) سے کوئی زمانہ بھی سمجھا جائے۔ جیسے "احمد آیا"، "محمود آتا ہے" اور "خالد آئے گا" میں "آیا"، اور "آتا ہے" اور "آئے گا" فعل ہیں

حرف: حرف وہ کلمہ ہے جس کے پورے معنی کسی اسم یا فعل کے ساتھ ملائے بغیر سمجھ میں نہ آسکیں جیسے سے، میں، پر، وغیرہ۔ خیال رہے کہ حرف نہ تو کسی شے کا نام ہوتا ہے اور نہ ہی اس سے کوئی کام کرنا سمجھا جاتا ہے۔ یہ اسموں اور فعلوں کے ملانے وغیرہ کے کام آتا ہے

اسم کی قسمیں

(الف) : اسم کی دو قسمیں ہیں : اسم ذات اور اسم صفت۔

اسم ذات اسم ذات وہ اسم ہے جو کسی شے کی خود ذات کا نام ہو۔ جیسے "احمد" زمین، درخت" وغیرہ۔

اسم صفت اسم صفت وہ اسم ہے جو کسی شے کی کسی خصلت یا حالت و کیفیت کا نام ہو۔ جیسے "پاک، پلید، سبز، گرم" وغیرہ۔

(ب) : اسم کی دو قسمیں ہیں : اسم ضمیر اور اسم ظاہر۔

اسم ضمیر اسم ضمیر وہ اسم ہے جو کسی غائب یا حاضر یا متکلم کے نام کی بجائے بولا جائے۔ جیسے "ھُوَ" (وہ)، "تُوْ" اور "مَنْ" (میں)۔

اسم ظاہر اسم ضمیر کے علاوہ تمام اسم، اسم ظاہر ہیں۔

اسم ضمیر کی قسمیں

اسم ضمیر کی دو قسمیں ہیں : ضمیر متصل اور ضمیر منفصل۔

ضمیر متصل ضمیر متصل وہ ضمیر ہے جو کسی اور کلمہ کے ساتھ ملا کر پڑھی جائے، علیحدہ نہ پڑھی جائے۔ جیسے "آمدم" (میں آیا) میں "م" اور "کتابش" (اس کی کتاب) میں "ش"

ضمیر منفصل ضمیر منفصل وہ ضمیر ہے جو خود علیحدہ پڑھی جائے، کسی اور کلمہ کے ساتھ ملا کر نہ پڑھی جائے جیسے "او" (وہ) وغیرہ۔ منفصل ضمیریں چھ ہیں۔ ضمیر متصل کی دو قسمیں ہیں: ضمیر مستتر (پوشیدہ) اور ضمیر بارز (ظاہر)

ضمیر مستتر ضمیر مستتر وہ ضمیر ہے جو ظاہر نہ ہو اور نہ ہی لفظوں میں پڑھی جائے جیسے "آمد" (وہ آیا) میں ضمیر مستتر ہے جس کا ترجمہ "وہ" ہے۔

ضمیر بارز ضمیر بارز وہ ضمیر ہے جو ظاہر ہو اور لفظوں میں پڑھی جائے۔ جیسے "آمدم" میں "م" خیال رہے کہ ہر فعل کے صیغہ واحد غائب میں اور فعل امر اور فعل نہی کے صیغہ واحد حاضر میں بھی ضمیر متصل فاعلی مستتر ہوتی ہے۔

ضمیر متصل کی چھ تین قسمیں ہیں : ضمیر متصل فاعلی، ضمیر متصل مفعولی اور ضمیر متصل اضافی۔

ضمیر متصل فاعلی ضمیر متصل فاعلی وہ ضمیر ہے جو فعل کے ساتھ ملا کر پڑھی جائے، اور اس کا فاعل یا نائب فاعل بنے جیسے "آمدم" میں "م"۔ اور یہ چھ ضمیریں ہیں۔

ضمیر متصل مفعولی وہ ضمیر ہے جو فعل متعدی کے ساتھ ملا کر پڑھی جائے، اور اس کا مفعول بنے۔ جیسے "گفتمش" (میں نے اس کو کہا) میں "ش" (اس کو)۔ اور یہ بھی چھ ضمیریں ہیں۔

ضمیرِ متصل اضافی یہی چھ ضمیریں (متصل مفعولی) اگر فعل متعدی کی بجائے کسی اسم کے ساتھ مل کر پڑھی جائیں تو انہیں ضمیرِ متصل اضافی کہتے ہیں۔ اور اس وقت وہ اسم مضاف ہوگا اور یہ ضمیر اس کا مضاف الیہ ہوگی۔ جیسے "کتابش" یعنی "اس کی کتاب"۔ تو فارسی زبان میں کل اٹھارہ ضمیریں ہوئیں:
"ضمیرِ منفصل ۶ + ضمیرِ متصل فاعلی ۶ + ضمیرِ متصل مفعولی یا اضافی ۶ = ۱۸ ضمیریں"

ضمیروں کا نقشہ

صیغے	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ضمیرِ منفصل	او	آنہا/ایشان	تو	شما	من	ما
ضمیرِ متصل فاعلی	یہاں مستتر ہوتی ہے	ند (ماقبل مفتوح)	ی (ماقبل مکسور)	ید (ماقبل مکسور)	م (ماقبل مفتوح)	یم (ماقبل مکسور)
ضمیرِ متصل مفعولی یا اضافی	ش (ماقبل مفتوح)	شان	ت (ماقبل مفتوح)	تان	م (ماقبل مفتوح)	مان

(۱) ضمیرِ متصل فاعلی کے ماقبل ہائے مختفی آجائے تو ضمیر سے پہلے "ا" بڑھا دیتے ہیں۔ (۲) "ش" یا "ت" یا "م" کے ماقبل اگر ہائے مختفی یا "یا معروف" آجائے تو ضمیر سے پہلے "ا" بڑھا دیتے ہیں اور اگر واؤ یا الف آجائے تو ضمیر سے پہلے "یا مفتوح" بڑھا دیتے ہیں۔ (۳) ضمیروں کے معنی فرہنگ میں دیکھو۔

واحد اور جمع

جمع بنانے کے قواعد فارسی زبان میں واحد اسموں کی جمع بنانے کے چار قاعدے ہیں: (۱) واحد کے آخر میں "ان" بڑھا کر اس کے ماقبل کو مفتوح کر دیتے ہیں۔ جیسے "مرد" سے "مردان"۔ اور اگر واحد کے آخر میں "ا" یا "و" ہو تو اس کے آخر میں "ان" کی بجائے "یان" لگا دیتے ہیں جیسے "دانا" (جاننے والا) سے "دانایان" (جاننے والے) اور "خوبرو" (اچھے چہرے والا) سے "خوبرویان" (اچھے چہرے والے)۔ اور اگر واحد کے آخر میں ہائے مختفی (ہ) ہو تو اسے گافِ مفتوح (گ) سے بدل کر اس کے بعد "ان" لگاتے ہیں۔ جیسے "بندہ" سے "بندگان"۔ (۲) واحد کے آخر میں "ہا" بڑھا دیتے ہیں جیسے "شب" (رات) سے "شبہا" (راتیں)۔ اس صورت میں اگر واحد کے آخر میں ہائے مختفی ہو تو جمع بناتے وقت گر جاتی ہے ورنہ باقی رہتی ہے۔ جیسے "نامہ" (خط) سے "نامہا" (کئی خط) اور "راہ" سے "راہ ہا"۔ چونکہ "راہ" میں ہائے مختفی نہیں بلکہ ہائے ملفوظی ہے اسلئے جمع بنانے کے بعد بھی باقی ہے۔ (۳) واحد کے آخر میں "ات" بڑھا کر اس کا ماقبل اگر مفتوح نہ ہو تو اسے فتحہ دے دیتے ہیں۔ جیسے "کاغذ" سے "کاغذات"۔ (۴) واحد کے آخر میں "جات" بڑھا دیتے ہیں جیسے "نقشہ" سے "نقشہ جات"۔

خیال رہے کہ قاعدہ ۱ اسمِ ذی روح (جاندار) کی جمع کے لیے ہے، اور آخری تینوں قاعدے اسمِ غیر ذی روح (غیر جاندار) کی جمع کے لیے ہیں۔ لیکن کبھی اس اصول کے خلاف بھی جمع آجاتی ہے۔ جیسے "اسپ" (گھوڑا) سے "اسپہا" (گھوڑے) اور "درخت" سے "درختان"۔

مُرکّب کی قسمیں

مُرکّب کی دو قسمیں ہیں: مُرکّبِ ناقص اور مُرکّبِ تام۔

مُرکّبِ ناقص مُرکّبِ ناقص وُہ مُرکّب ہے جس سے کسی چیز کی خبر یا طلب معلوم نہ ہو۔ جیسے "کتابِ خُدا" (خُدا کی کتاب) اور "آبِ سرد" (ٹھنڈا پانی)۔

مُرکّبِ تام مُرکّبِ تام وُہ مُرکّب ہے جس سے کسی چیز کی خبر یا طلب معلوم ہو۔ جیسے "قرآن کتابِ خُدا ست" (قرآن خدا کی کتاب ہے) اور "آبِ سرد بدہ" (ٹھنڈا پانی دے)۔ مُرکّبِ ناقص کی بہت سی قسمیں ہیں: مُرکّبِ اضافی، مُرکّبِ توصیفی، مُرکّبِ اشاری وغیرہ۔

مُرکّبِ اضافی مُرکّبِ اضافی وُہ مُرکّب ہے جو مُضاف اور مُضاف الیہ کو مل کر بنایا گیا ہو۔ مُضاف اور مُضاف الیہ کے درمیان جو تعلّق ہوتا ہے اُسے "اضافت" کہتے ہیں۔ اضافت کا مطلب ہے: "ایک اسم کی نسبت دُوسرے اسم کی طرف کرنا"۔ تو جس اسم کی نسبت کی جائے اُسے "مُضاف" کہتے ہیں اور جس اسم کی طرف نسبت کی جائے اُسے "مُضاف الیہ" کہتے ہیں۔ مثلاً "کتابِ خدا" (خدا کی کتاب) میں "کتاب" مُضاف ہے اور "خُدا" مُضاف الیہ ہے۔ اور ان دونوں کے درمیان کی نسبت یا لگاؤ کا نام اضافت ہے۔

مُرکّبِ اضافی کے اہم قواعد (۱) فارسی میں مُضاف پہلے اور مُضاف الیہ بعد میں آتا ہے جب کہ اُردو میں پہلے مُضاف الیہ اور بعد میں مُضاف آتا ہے۔ اُوپر دی گئی مثال اور اُس کے اُردو ترجمے میں غور کریں۔ (۲) فارسی میں مُضاف کا آخری حرف عموماً مکسور اور مُضاف الیہ کا آخری حرف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے بشرطیکہ اس کا تعلّق اپنے مابعد سے نہ ہو۔ اُوپر کی مثال دیکھو۔ (۳) اگر مُضاف کا آخری حرف "الف" یا "واؤ" ہو تو مُضاف کے آخر میں یائے مجہول (ے) بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے "دانا" سے "دانائے راز" (راز کا جاننے والا) اور "چاقو" سے "چاقوئے احمد" (احمد کا چاقو)۔ اور اگر مُضاف کا آخری حرف ہائے مختفی "ہ" یا "ی" ہو تو مُضاف کے آخر میں فقط ہمزہ مکسورہ (ء) بڑھاتے ہیں۔ جیسے "بندہ" سے "بندۂ خُدا" (خدا کا بندہ) اور "صندلی" سے "صندلیٔ اُستاد" (اُستاد کی کرسی)۔ (۴) اگر مُضاف الیہ ضمیرِ متصل اضافی ہو تو مُضاف کا آخری حرف مفتوح ہوگا۔ جیسے "کتابم" (میری کتاب) اور "پا" سے "پایش" اور "چاقو" سے "چاقویت" (تیرا چاقو) اور "بندہ" سے "بندہ اَش" (اس کا خادم)۔ (۵) مُرکّبِ اضافی کے اُردو ترجمہ میں مُضاف اور مُضاف الیہ کے درمیان "کا، کی، کے، را، ری، رے" میں سے کوئی نہ کوئی لفظ ضرور آتا ہے۔ پچھلی مثالوں کے ترجموں میں غور کرو۔

مُرکّبِ توصیفی مُرکّبِ توصیفی وُہ مُرکّب ہے جو موصوف اور صفت کو مل کر بنایا گیا ہو۔ موصوف وُہ اسم ہے جس کے ساتھ ایک اور اسم ہو جو اُس کی کسی خصلت یا حالت و کیفیت کو ظاہر کرتا ہو۔ اور اس دُوسرے اسم کو "صفت" کہتے ہیں۔ جیسے "آبِ پاک" (پاک پانی) میں "آب" موصوف ہے اور "پاک" صفت ہے۔

مُرکب توصیفی کے اہم قواعد (۱) فارسی میں موصوف پہلے اور صفت بعد میں ہوتی ہے۔ جیسا اُوپر کی مثال سے ظاہر ہے۔ اور اُردو ترجمہ میں صفت پہلے اور موصوف بعد میں ہوتا ہے۔ اُوپر کی مثال میں غور کرو۔ (۲) موصوف عُموماً اِسمِ ذات ہوتا ہے اور اُس کی صفت ہمیشہ اسمِ صفت ہوتی ہے جیساکہ اُوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔ (۳) مُوصُوف کے آخری حرف کی حالت وہی ہوتی ہے جو مُرکّبِ اضافی کے قاعدہ ۲ اور ۳ میں مُضاف کے بارے میں بتائی گئی ہے۔ مثلاً گزشتہ مثالوں کے علاوہ "داناۓ پیر" (بوڑھا دانا) اور "چاقُوۓ تیز" (تیز چاقو) اور "بندۂ نیک" (نیک بندہ) اور "صندَلیِ سیاہ" (سیاہ کُرسی)۔ اور صفت کا آخری حرف مُضاف اِلیہ کی طرح ساکن ہوتا ہے جیساکہ اُوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مُرکب اضافی و توصیفی کی پہچان (۱) مُرکبِ اضافی کے دونوں جُزوں کے اُردو ترجمہ میں "کا' کی' کے' را' ری' رے" میں سے کوئی نہ کوئی لفظ ضرور نکلتا ہے۔ اور مُرکبِ توصیفی میں ایسا کبھی نہیں ہوتا (۲) مُرکبِ توصیفی کا دُوسرا جُزو لازمی طور پر اسمِ صفت ہوتا ہے اور مُرکبِ اضافی میں یہ ضروری نہیں ہے۔ (۳) مُرکبِ ناقص کے پہلے جُزو کے شروع میں "کس کا" یا "کس کی" یا "کس کے" لگا کر اُسی جُزو کے بارے میں سوال کریں تو اگر اس کے جواب میں جُزوِ دوم بولنے سے جواب دُرست ہو سکتا ہو تو سمجھ لو کہ یہ مُرکبِ اضافی ہے اور اگر اس طرح جواب ٹھیک نہ بن سکے تو سمجھ لو کہ یہ مُرکبِ اضافی نہیں بلکہ مُرکبِ توصیفی وغیرہ ہے۔ اُوپر کی تمام مثالوں میں اس قاعدہ کی اچھی طرح مشق کریں (۴) مُرکبِ ناقص کے پہلے جُزو کے شروع میں "کیسا" یا "کیسی" یا "کیسے" لگا کر اُسی جُزو کے بارے میں سوال کریں تو اگر اس کے جواب میں جُزوِ دوم بولنے سے جواب دُرست ہو جائے تو سمجھو کہ یہ مُرکب 'مُرکبِ توصیفی ہے اور اگر یہ جواب دُرست نہ بنے تو سمجھ لو کہ مُرکبِ توصیفی نہیں بلکہ یہ مُرکبِ اضافی وغیرہ ہے۔ اُوپر دی گئی مُرکبِ اضافی و توصیفی کی تمام مثالوں میں اس قاعدہ کی بھرپُور مشق کریں۔

مُرکب اشاری مُرکبِ اشاری وُہ مُرکّب ہے جو اسمِ اشارہ اور مُشارٌ اِلیہ کو ملا کر بنایا گیا ہو۔ اِسمِ اشارہ وُہ اِسم ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے۔ یہ دو اِسم ہیں: "اِیں" (یہ' اِس) اور "آں" (وُہ' اُس)۔ ان میں سے پہلا اِشارۂ قریب کے لئے ہے اور دُوسرا اِشارۂ بعید (دُور) کے لئے۔ اور جس کی طرف اِشارہ کیا جائے اُسے "مُشارٌ اِلیہ" کہتے ہیں۔ جیسے "اِیں کتاب" (یہ کتاب) اور "آں درخت" (وُہ درخت)۔

جُملہ اور اُس کی قسمیں

جُملہ وُہ مُرکّب ہے جس سے کوئی خبر یا طلب وغیرہ معلوم ہو۔ "مُرکّبِ تام" اور "کلام" بھی جُملہ ہی کے نام ہیں۔ جُملہ کے ضروری اجزاء دو کلمے ہوتے ہیں' جن میں سے ایک کو مُسنَد اور دُوسرے کو مُسنَد اِلیہ کہتے ہیں۔ اور ان دونوں کے درمیان تعلّق کا نام اِسناد ہوتا ہے۔ "ایک کلمہ کی دُوسرے کلمہ کی طرف ایسی نسبت کرنا جس سے کوئی خبر یا طلب وغیرہ معلوم ہو" اسے "اِسناد" کہتے ہیں۔ جس کلمہ کی یہ نسبت کی جائے

اُسے "مُسنَد" اور جس چیز کی طرف یہ نسبت کی جائے اُسے "مُسنَد اِلَیہ" کہتے ہیں۔ اِسم مُسنَد بھی ہو سکتا ہے اور مُسنَد اِلَیہ بھی، فعل صرف مُسنَد ہو سکتا ہے اور مُسنَد اِلَیہ نہیں ہو سکتا، اور حرف نہ مُسنَد ہو سکتا ہے نہ مُسنَد اِلَیہ۔ لہٰذا جُملَہ یا تو دو اِسموں کے ملنے سے بن سکتا ہے اور یا ایک اِسم اور ایک فعل سے۔ جیسے "قُرآن نُورٌ ہَست" (قرآن روشنی ہے) ایک جُملہ ہے کیونکہ اِس سے ایک خبر معلوم ہوتی ہے۔ اِس میں "قرآن" مُسنَد اِلَیہ ہے اور "نُور" مُسنَد ہے۔ اور یہ دونوں اِسم ہیں۔ اور "آب بِدِہ" (پانی دے) یہ بھی ایک جُملہ ہے۔ کیونکہ اِس سے ایک طَلَب معلوم ہوتی ہے۔ اِس میں "آب" ایک اِسم ہے جو مُسنَد اِلَیہ واقع ہوا ہے اور "بِدِہ" فعل ہے جو مُسنَد ہے۔

جُملہ کی دو قِسمیں ہیں: جُملۂ خَبَرِیّہ اور جُملۂ اِنشائِیّہ۔

جُملۂ خَبَرِیّہ | وُہ جُملہ ہے جس سے کوئی خبر معلوم ہو۔

جُملۂ اِنشائِیّہ | وُہ جُملہ ہے جس سے کوئی طلب وغیرہ معلوم ہو۔ دونوں کی مثالیں اُوپر گُزر چکی ہیں۔

جُملۂ خَبَرِیّہ کی دو قسمیں ہیں: جُملۂ اِسمِیّہ خَبَرِیّہ اور جُملۂ فِعلِیّہ خَبَرِیّہ

جُملۂ اِسمِیّہ خَبَرِیّہ | وُہ جُملہ ہے جس میں مُسنَد اِسم ہو۔ اِس جُملے میں مُسنَد اِلَیہ کو "**مُبتَدا**" اور مُسنَد کو "خَبَر" کہتے ہیں۔ جُملۂ اِسمِیّہ خَبَرِیّہ میں سب سے پہلے مُبتَدا، آتا ہے۔ پھر خبر پھر آخر میں "رابطہ" یعنی "ہَست [illegible] ی، [illegible] یَد، [illegible] ایم، [illegible] ید" میں سے کوئی ایک ضمیر بطور رابطہ [illegible] یہ رابطہ دو کلموں کے درمیان اِسناد کے موجود ہونے کی علامت ہوتا ہے۔ [illegible] مُبتَدا [illegible] اور خبر کے درمیان ربط [illegible] تعلّق کا ذریعہ بھی ہوتا ہے۔ رابطہ واحد یا جمع اور غائب، حاضر یا مُتکلّم کا صیغہ ہونے میں اپنے مُبتَدا کے موافق ہوتا ہے۔ جیسے "قُرآن نُور ہَست" جُملۂ اِسمِیّہ خَبَرِیّہ ہے کیونکہ اِس میں مُسنَد اِسم یعنی لفظ نُور ہے [illegible] اِس جُملے میں قُرآن مُبتَدا ہے اور "نُور" خبر، اور "ہَست" کلمۂ رابطہ [illegible] ہے۔ خیال رہے کہ رابطہ کے [illegible] قبل کرنے [illegible] مُنفصِل [illegible] جائے تو رابطہ شروع میں [illegible] پڑھتے ہیں [illegible] اُستادِ شفیق کو چاہئے کہ مختلف رابطوں پر مشتمل جُملے طلبہ کے سامنے پیش کرکے ان میں ترکیب نحوی کی خوب مشق کرائے۔

جُملۂ فِعلِیّہ خَبَرِیّہ | وُہ جُملہ ہے جس میں مُسنَد فعل ہو۔ جُملۂ فِعلِیّہ خَبَرِیّہ [illegible] مُسنَد کو فعل اور مُسنَد اِلَیہ کو فاعل کہتے ہیں۔ فاعل کی تعریف یہ ہے کہ [illegible] فعل [illegible] کام کیا [illegible] کام [illegible] ہوا، جیسے [illegible] جُملۂ فِعلِیّہ خَبَرِیّہ ہے اِس جُملے میں "زید" مُسنَد اِلَیہ [illegible] فاعل ہے [illegible] مُسنَد ہے جو فعل ہے۔ جُملۂ فِعلِیّہ خَبَرِیّہ میں سب سے پہلے فاعل آتا ہے پھر فعل [illegible] فعل متعدّی ہو تو فاعل کے ساتھ مفعول کو لایا جاتا ہے۔ جیسے زید خالد [illegible] اِس جُملے [illegible] میں زید [illegible] فاعل [illegible] خالد مفعول اور [illegible] فعل [illegible] ہے۔

جُملۂ فِعلِیّہ ناقِصہ | جُملۂ فِعلِیّہ کی ایک قسم جُملۂ فِعلِیّہ ناقصہ بھی ہے [illegible] اِس جُملے میں [illegible] فعل ناقص لایا جاتا ہے

فعلِ ناقِص | فعلِ ناقص وُہ فعل ہوتا ہے جو باوجود [illegible] ہونے کے [illegible] فاعل کے ساتھ [illegible] فاعل کے لئے ایک خبر کی بھی [illegible] ہوتی ہے [illegible] فاعل [illegible] فعل [illegible] کہتے ہیں۔ جیسے [illegible] اِس جُملے میں [illegible] فعلِ ناقص ہے [illegible]

کا اسم، اور "جو ش" خبر ہے۔ اور جملہ جملۂ فعلیۂ ناقصہ ہے۔ افعالِ ناقصہ یہ ہیں:

افعالِ ناقصہ | ہست، ہستند، ہستی، ہستید، ہستم، ہستیم۔ یہ چھ صیغے، اور "نیست" سے نیستیم" تک چھ صیغے، اور "بُودن" بمعنی ہونا، اور "شُدن" (بمعنی ہونا) سے نکلے ہوئے تمام فعل، افعالِ ناقصہ ہیں۔ نیز "گردیدن" و "گشتن" اور "ماندن" وغیرہ جب "ہونا" یا "ہوجانا" کے معنی رکھتے ہوں تو ان سے نکلے ہوئے تمام فعل بھی افعالِ ناقصہ ہوتے ہیں ورنہ نہیں۔ ان کے علاوہ باقی تمام فعل "فعلِ تام" ہوتے ہیں۔

حُرُوفِ مَعانی

حُرُوفِ معانی بہت زیادہ ہیں۔ ان میں سے چند اہم قسمیں یہ ہیں: حُرُوفِ جار، حُرُوفِ عطف، حُرُوفِ ایجاب و نفی، اور حُرُوفِ استفہام۔

حُرُوفِ جار | حُرُوفِ جار وہ حُرُوف ہیں جو کسی اسم سے پہلے آکر کسی فعل کے معنے اس اسم تک پہنچاتے ہیں یا دو اسموں کے معنوں کو آپس میں ملاتے ہیں اور جس اسم پر یہ حُرُوف داخل ہوتے ہیں اسے "مجرور" کہتے ہیں۔ جیسے "احمد در مسجد آمد" (احمد مسجد میں آیا)۔ اس جملے میں "در" (میں) حرفِ جار ہے اور "مسجد" مجرور ہے اور "آمد" فعل ہے جس کے معنے کو "در" مسجد تک پہنچا رہا ہے۔ یونہی "قلم بر میز است" (قلم میز پر ہے)۔ اس جملے میں "بر" (پر) حرفِ جار، "میز" مجرور ہے۔ یہاں "بر" قلم اور میز کے معنوں کو ایک دوسرے سے ملانے کا کام دے رہا ہے۔ فارسی میں حُرُوفِ جار یہ ہیں: با، بہ، بر، در، از، تا، را، برائے، بہرِ، پئے وغیرہ۔ ان کے معنے فرہنگ میں دیکھو۔

حُرُوفِ عطف | حُرُوفِ عطف وہ حُرُوف ہیں جو دو کلموں یا جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دوسرے کو بھی پہلے کے حکم میں ملا دیتے ہیں۔ جس کو ملاتے ہیں اسے "معطوف" اور جس کے حکم میں ملاتے ہیں اسے "معطوف علیہ" کہتے ہیں۔ جیسے "آمد احمد و محمود" (آیا احمد اور محمود) "آمد" (آیا) حکم ہے "احمد" معطوف علیہ ہے اور "محمود" معطوف ہے۔ اور ان کے درمیان "و" حرفِ عطف ہے۔

حُرُوفِ عطف یہ ہیں: و، یا، کہ، پس، سپس، باز، نیز، ہم وغیرہ۔ ان میں سے "یا" اور "کہ" کو "حُرُوفِ عطفِ تردیدی" کہتے ہیں جو اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ ان کے معطوف علیہ اور معطوف میں ایک غیر معین مراد ہے۔ واوِ عاطفہ کو ماقبل سے ملا کر پڑھیں تو واوِ مجہول (وٗ) کے طور پر پڑھیں گے ورنہ مفتوح (وَ)

حُرُوفِ ایجاب و نفی | حُرُوفِ ایجاب وہ حُرُوف ہیں جو کسی بات کے جواب میں اس بات کو درست قرار دینے کے لئے بولے جائیں مثلاً کوئی کہے: "زید حاضر است؟" (کیا زید حاضر ہے؟) تو اس کے جواب میں کہا جائے: "بلے! حاضر است" (ہاں! حاضر ہے)۔ تو اس کے جواب میں "بلے" (ہاں) حرفِ ایجاب ہے۔ حُرُوفِ ایجاب یہ ہیں: بلے، بلہ، آرے وغیرہ۔

حُرُوفِ نفی وہ حُرُوف ہیں جو کسی بات کے جواب میں، اس کی نفی کرنے کے لئے بولے جائیں۔ جیسے "زید حاضر است؟" کے جواب میں کہا جائے: "نِے" (نہیں)۔ یہ "نِے" حرفِ نفی ہے۔ حُرُوفِ نفی یہ

ہیں: نے، نہ، نخیز وغیرہ۔

حروفِ استفہام حروفِ استفہام وہ حروف ہیں جو کسی سے کچھ دریافت کرنے کے لئے کسی جملے میں لائے جاتے ہیں۔ اور اس جملے کو "جملۂ استفہامیہ" کہتے ہیں۔ جیسے "آیا زید عالم ست؟" (کیا زید عالم ہے؟) اس جملے میں "آیا" حرفِ استفہام ہے اور جملہ، جملۂ استفہامیہ ہے۔ حروفِ استفہام یہ ہیں: آیا، چہ، چرا، چیست، چگونہ، چسان، چطور، چقدر، کدام، کہ، کیان، کیست، کرا، کجا، کے، چند وغیرہ۔ سب کے معنے فرہنگ میں دیکھو۔

فارسی کے علمِ صرف کا تعارف

علمِ صرف کی تعریف علمِ صرف وہ علم ہے جس سے فارسی صیغوں کی پہچان، ایک کلمے سے دوسرا کلمہ بنانے اور صیغوں کو گردانے کا طریقہ معلوم ہو۔

علمِ صرف کا موضوع علمِ صرف میں چونکہ صیغوں کے حالات سے بحث کی جاتی ہے لہٰذا اس علم کا موضوع "صیغہ" ہے۔

علمِ صرف کا فائدہ اس علم کی مدد سے ہمیں فارسی صیغوں کی پہچان صحیح طور پر حاصل ہوتی ہے نیز ہم صیغوں کو گردانے اور ایک کلمے سے دوسرا کلمہ بنانے میں غلطی کرنے سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

کلمہ کی تقسیم صرفی

کلمہ کی تقسیم صرفی کے لحاظ سے تین قسمیں ہیں: مصدر، مشتق اور جامد

مصدر مصدر وہ اسم ہے جس سے کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا معلوم ہو، مگر اس کے کسی بھی حیثیت سے کوئی زمانہ سمجھا نہ جائے۔ مصدر کی پہچان یہ ہے کہ فارسی میں اس کے آخر میں ہمیشہ "دن" یا "تن" ہوتا ہے، اور اس کے اردو ترجمے کے آخر میں "نا" ہوتا ہے۔ جیسے "آمدن" (آنا) "رفتن" (جانا) وغیرہ۔ خیال رہے کہ مصدر کے لفظی معنی ہیں "نکلنے کی جگہ"، چونکہ مصدر سے بہت سے کلمے اسم اور فعل نکلتے ہیں اس لئے اسے مصدر کہتے ہیں۔

مشتق مشتق وہ اسم یا فعل ہے جو مصدر سے بنایا جاتا ہے جیسے آمدن سے "آیندہ" (آنے والا) اور "آمد" (وہ آیا)۔

جامد جامد وہ کلمہ (اسم یا حرف) ہے جو نہ تو خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی کلمہ بنے جیسے مرد، زن، شتر "مرد، عورت، اونٹ" وغیرہ۔

افعال

مصدر سے جو فعل مشتق ہوتے ہیں چھ ہیں: (۱) فعل ماضی (۲) فعل مضارع (۳) فعل حال (۴) فعل مستقبل (۵) فعل امر (۶) فعل نہی۔ فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں: (۱) ماضی مطلق (۲) ماضی قریب (۳) ماضی بعید (۴) ماضی استمراری (۵) ماضی احتمالی (۶) ماضی تمنائی۔ اور ہر فعل کے چھ صیغے ہوتے ہیں: صیغہ واحد غائب، صیغہ جمع غائب، صیغہ واحد حاضر، صیغہ جمع حاضر، صیغہ واحد متکلم، صیغہ جمع متکلم

...جاتے ہیں۔

ماضی قریب | ماضی قریب وُہ فعل ہے جس سے قریب کے گزرے ہُوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ ماضی قریب کو ماضی مُطلق سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ ماضی مُطلق کے صیغۂ واحد غائب کے آخری حرف کو فتحہ دے کر اُس کے بعد "ہ ست" کی گردان لگا دیتے ہیں جیسے "آمد" سے "آمدہ است" (وُہ آیا ہے)، "آمدہ اند" (وُہ سب آئے ہیں)، اسی طرح آخر تک۔

ماضی بعید | ماضی بعید وُہ فعل ہے جس سے دُور کے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ ماضی بعید کو بھی ماضی مُطلق سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ ماضی مُطلق کے صیغۂ واحد غائب کے آخری حرف کو فتحہ دے کر اُس کے بعد "ہ بُود" کی گردان لگا دیتے ہیں۔ جیسے "آمد" سے "آمدہ بُود" (وہ آیا تھا)، اسی طرح آخر تک۔

ماضی استمراری | ماضی استمراری وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا جاری رہنا سمجھا جائے۔ ماضی استمراری کو بھی ماضی مُطلق سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ ماضی مُطلق کے تمام صیغوں کے شروع میں "می" لگا دیتے ہیں۔ جیسے "آمد" سے "می آمد" (وُہ آتا تھا)۔

ماضی احتمالی | ماضی احتمالی وُہ فعل ہے جس سے گزرے ہُوئے زمانے میں کسی کام کے ہونے میں شک سمجھا جائے۔ اسے بھی ماضی مُطلق سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ ماضی مطلق کے صیغۂ واحد غائب کے آخر کو فتحہ دے کر اُس کے بعد "ہ باشد" کی گردان لگا دیتے ہیں۔ جیسے "آمد" سے "آمدہ باشد" (اُس نے کیا ہوگا)۔

ماضی تمنائی | ماضی تمنائی وہ فعل ہے جس سے گزرے ہُوئے زمانے میں کسی کام کی آرزو سمجھی جائے۔ اسے بھی ماضی مطلق سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ ماضی مُطلق کے صیغۂ واحد غائب، صیغۂ جمع غائب اور صیغۂ واحد متکلم کے آخر میں کسرہ دے کر اُس کے بعد یائے مجہول (ے) لگا دیتے ہیں۔ اور باقی تین صیغوں کے شروع میں لفظ "کاشکہ" لگا دیتے ہیں۔ جیسے "آمد" سے "آمدے" (کاشکہ وہ آتا) اور "آمدی" سے "کاشکہ آمدی" (کاشکہ تُو آتا) وغیرہ۔

ماضی مُطلق | ماضی مطلق وُہ فعل ہے جس سے گزرے ہُوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے اور دُور یا نزدیک کا ذکر نہ ہو۔ ماضی مُطلق کو مصدر سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ مصدر کے آخر سے "ن" اور اُس کے ماقبل کا فتحہ گرا دیتے ہیں۔ جیسے "آمدن" سے "آمد" (وُہ آیا)۔ یہ ماضی مُطلق کا صیغۂ واحد غائب ہے۔ باقی پانچ صیغوں میں سے جونسا صیغہ بنانا ہو اُس صیغے کی ضمیر متصل فاعلی صیغۂ واحد غائب کے آخر میں لگا دیتے ہیں۔ مثلاً صیغۂ جمع غائب بنانا ہے تو صیغۂ جمع غائب کی ضمیر متصل فاعلی "ند" کو "آمد" کے آخر میں لگا دیا تو "آمدند" (وُہ سب آئے) جمع غائب بن گیا۔ اسی طرح باقی جیسے "آمدی" (تُو آیا)، "آمدید" (تُم سب آئے)، "آمدم" (میں آیا)۔

فعل مضارع | فعل مُضارع وہ فعل ہے جس سے موجودہ یا آئندہ زمانے میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ مُضارع کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ مُقرّر نہیں۔ بس اتنا سمجھ لینا چاہیے کہ اس کے صیغۂ واحد غائب کے آخر میں "دْ" ہوتا ہے۔ اور اُس کے ماقبل حرف پر فتحہ ہوتا ہے۔ اور باقی صیغے بنانے کے لیے صیغۂ واحد غائب کے آخر سے "دْ" کو گرا کر اس کی بجائے ان صیغوں کی ضمیرِ متصل فاعلی لگا دیتے ہیں۔ جیسے "آیَدْ" (وہ آتا ہے یا آئے گا) اور "آیَنْد" (وہ سب آتے ہیں یا آئیں گے) اسی طرح آخر تک۔

فعل حال | فعل حال وہ فعل ہے جس سے موجودہ زمانے میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ فعل حال کو فعل مُضارع سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ فعل مضارع کے تمام صیغوں کے شروع میں لفظ "مِی" لگا دیتے ہیں۔ جیسے "آیَدْ" سے "مِی آیَدْ" (وہ آتا ہے)۔

فعل مُستقبل | فعل مُستقبل وہ فعل ہے جس سے آئندہ زمانے میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ فعل مستقبل کو ماضی مُطلق سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ ماضی مُطلق کے صیغۂ واحد غائب کے شروع میں "خواہَدْ" کی گردان لگا دیتے ہیں۔ جیسے "آمد" سے "خواہد آمد" (وہ آئے گا) اور "خواہند آمد" (وہ سب آئیں گے)

فعل امر | فعل امر وہ فعل ہے جس سے آئندہ زمانے میں کسی فاعل سے کسی کام کی طلب سمجھی جائے۔ فعل امر کے صیغے وہی ہیں جو فعل مُضارع کے صیغے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ فعل مضارع میں صیغۂ واحد حاضر کے آخر میں "ی" ضمیرِ مُتصل فاعلی ہوتی ہے جس کا ماقبل مکسور ہوتا ہے اور فعل امر میں صیغۂ واحد حاضر کے آخر سے اس ضمیر "ی" کو گرا کر اس کے ماقبل کے کسرہ کو گرا دیتے ہیں۔ نیز فعل امر کے شروع میں اکثر "ب" زائد لگاتے ہیں۔ جب کہ مضارع کے شروع میں "ب" کو گرا لیتے ہیں جیسے "کُنی" (تو کرتا ہے یا کرے گا) سے "بِکُن" (تو کر) اور "باشی" سے "بباش" (تو ہو) وغیرہ

فائدہ ضروری: "ب" جب فعل پر آئے تو اگر اس کا مابعد مضموم ہو تو "ب" بھی مضموم پڑھا جاتا ہے ورنہ مکسور۔ اور جب "ب" الف پر آجاتا ہے تو ہمزہ "ی" سے بدل کر مفتوح پڑھا جاتا ہے۔

فعل نہی | فعل نہی وہ فعل ہے جس سے آئندہ زمانے میں کسی فاعل سے کسی کام کے نہ کرنے کی طلب سمجھی جائے۔ فعل نہی کو فعل امر سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ فعل امر کے صیغۂ واحد حاضر اور جمع حاضر کے شروع میں "ب" کی بجائے میم مفتوح "مَ" برائے نہی لگا دیتے ہیں اور باقی چار صیغوں کے شروع میں "ب" کی بجائے نون مفتوح "نَ" برائے نہی لگا دیتے ہیں۔ جیسے "بکُنَد" (وہ کرے) سے "نَکُنَد" (وہ نہ کرے) اور "بکُن" سے "مَکُن" (تو نہ کر)۔

فائدہ ضروری: جس فعل کے شروع میں الف ہو اُس پر جب "ب" یا "م" برائے نہی یا "ن" برائے نفی یا نہی داخل ہوتے ہیں تو اس کا الف "ی" سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے "آید" سے "بیاید" [illegible]

فعل مجہول بنانے کا قاعدہ

جس فعل کی اِسناد اپنے فاعل کی طرف ہو اُسے "فعلِ معرُوف" اور جس فعل کی اِسناد اپنے مَفعُول کی طرف ہو اُسے "فعلِ مجہُول" کہتے ہیں۔ اس سے پہلے معروف فعلوں کے بنانے کے طریقے بتائے گئے ہیں مجہُول فعلوں کے بنانے کا ایک ہی مختصر قاعدہ یہ ہے کہ :

جس معروف فعل کے جس صیغے کو مجہول بنانا ہو پہلے وہی معروف فعل اور وہی صیغہ "شُدَن" (ہونا) مصدر سے بنالیں پھر جس مصدر سے فعل مجہول کا صیغہ بنانا مقصود ہے اس کے ماضی مُطلق معروف کے صیغۂ واحد غائب کے آخر میں ہائے مُختفی "ہ" بڑھا کر اُسے شُدَن سے بنائے ہوئے صیغے کے شروع میں لے آئیں وہی فعل اور صیغہ مجہول بن جائیگا مثلاً "کردن" (کرنا) مصدر سے تمام گزشتہ معروف فعلوں کے مجہول اس طرح بنیں گے :

"کردہ شُد" (وہ کیا گیا، ماضی مطلق مجہول)، "کردہ شُدہ است" (وہ کیا گیا ہے، ماضی قریب مجہول)، "کردہ شُدہ بُود" (وہ کیا گیا تھا، ماضی بعید مجہول)، "کردہ مے شُد" (وہ کیا جاتا تھا، ماضی استمراری مجہول)، "کردہ شُدہ باشد" (وہ کیا گیا ہوگا، ماضی احتمالی مجہول)، "کردہ شُدے" (کاشکہ وہ کیا جاتا، ماضی تمنائی مجہول)، "کردہ خواہد شُد" (وہ کیا جائے گا، فعل مستقبل مجہول)، "کردہ شود" (وہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا، فعل مُضارع مجہُول)، "کردہ مے شود" (وہ کیا جاتا ہے، فعل حال مجہول)، "کردہ شو" (تو کیا جا، فعل امر مجہول صیغہ واحد حاضر)، "کردہ مشو" (تو مت کیا جا، فعل نہی واحد حاضر مجہول)۔

اَسمائے مُشتَق

مصدر سے جو اسم مُشتق ہوتے ہیں ان میں سے اِسم فاعل اور اِسم مَفعُول بھی ہیں۔ ان دونوں کے صرف دو دو صیغے ہوتے ہیں۔ صیغۂ واحد اور صیغۂ جمع۔

اسمِ فاعل اِسم فاعل وہ اسم ہے جو فعل سے بنایا گیا ہو تاکہ اُس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل (کام) قائم ہو۔ اسم فاعل کو فعل امر سے بناتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل امر کے صیغۂ واحد حاضر کے شروع سے "ب" کو ہٹا کر آخری حرف کو کسرہ دیکر اس کے بعد "ندہ" بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے "بکن" سے "کُنندہ" (کرنے والا)۔ یہ اسم فاعل کا صیغۂ واحد ہوا اس کے صیغۂ جمع کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ صیغۂ واحد کے آخر کے "ہ" کو گاف مفتوح (گَ) سے بدل کر اس کے بعد "ان" علامتِ جمع لگا دیتے ہیں۔ جیسے "کُنندہ" سے "کُنندگان" (کرنے والے)۔

اسمِ مفعُول اِسم مَفعُول وُہ اسم ہے جو فعل سے بنایا گیا ہو تاکہ اُس ذات پر دلالت کرے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔ اسم مفعُول کے صیغۂ واحد کو ماضیٔ مُطلق کے صیغۂ واحد غائب سے اسطرح بناتے ہیں کہ اُس کے آخری حرف کو فتحہ دیکر اُس کے بعد "ہ" لگا دیتے ہیں۔ جیسے "کرد" (کیا) سے "کردہ" (کیا ہوا) اور صیغۂ واحد کے آخر کے "ہ" کو گاف مفتوح (گَ) سے بدل کر اُس کے بعد علامتِ جمع "ان" لگا کر صیغۂ جمع بھی بنا لیتے ہیں۔ جیسے "کردہ" سے "کردگان" (کیے ہوئے)

کتاب میں جن فعلوں یا مشتق اسموں کے صیغے آ رہے ہیں نیچے ان سب کے مصادر مع معنی و مضارع ذیل میں دیئے ہیں، تاکہ عزیز طلبہ کتاب کے اسباق کو سمجھنے و ترجموں کے حل کرنے میں ان سے فائدہ حاصل کریں

مصادرِ بابِ اوّل

مصدر	معنی	مضارع
	آ	
آزردن	ستانا	آزارد
آفریدن	پیدا کرنا	آفریند
آمدن	آنا	آید
آموختن	سیکھنا سکھانا	آموزد
آوردن	لانا	آرد، آورد
	ب	
بایستن	چاہئیے	باید
برداشتن	اٹھانا	بردارد
بودن	ہونا	بود، باشد
	پ	
پروردن	پالنا	پرورد
پریدن	اڑنا	پرد
	ت	
ترسیدن	ڈرنا	ترسد
توانستن	سکنا، طاقت رکھنا	تواند
	ج	
جنبانیدن	ہلانا	جنباند
	خ	
خفتن	سونا	خسپد
خندیدن	ہنسنا	خندد
خواندن	پڑھنا	خواند
خوردن	کھانا	خورد
	د	
دادن	دینا	دہد
داشتن	رکھنا	دارد
دانستن	جاننا، سمجھنا	داند
دریدن	چیرنا، پھاڑنا	درد
دیدن	دیکھنا	بیند
	ر	
رسیدن	پہنچنا	رسد
رفتن	جانا	رود
رنجیدن	رنجیدہ ہونا، تنگ ہونا	رنجد
	ز	
زدن	مارنا	زند
	ش	
شدن	ہونا	شود
شستن	دھونا	شوید
شناختن	پہچاننا	شناسد
شنیدن	سننا	شنود
	ف	
فروختن	بیچنا	فروشد
	ک	
کردن	کرنا	کند
کندن	کھودنا، اکھاڑنا	کند
	گ	
گذشتن	چھوڑنا، گزرنا	گذرد
گردانیدن	پھیرنا، کرنا	گرداند
گرفتن	پکڑنا، لینا، چھیننا	گیرد
گزیدن	کاٹنا، ڈنک مارنا	گزد
گفتن	کہنا، بولنا	گوید

مصدر	معنی	مضارع
	م	
مالیدن	ملنا	مالد
ماندن	ہونا، رہنا، رکھنا، چھوٹنا	ماند
	ن	
نشستن	بیٹھنا	نشیند
نوشتن	لکھنا	نویسد
نوشیدن	پینا	نوشد
	ی	
یافتن	پانا	یابد

مصادر باب دوم و سوم

مصدر	معنی	مضارع
	آ	
آراستن	سنوارنا	آراید
آزمودن	آزمانا	آزماید
آمرزیدن	بخشنا	آمرزد
آمیختن	ملنا، ملانا	آمیزد
	ب	
باریدن	برسنا، برسانا	بارد
بازیدن	کھیلنا	بازد
برآمدن	نکلنا	برآید
برخاستن	اٹھنا	برخیزد
بردن	لے جانا	برد
برگشتن	پھرنا	برگردد
بریدن	کاٹنا	بُرد
	پ	
پذیرفتن	قبول کرنا	پذیرد
پرداختن	خالی کرنا، مشغول ہونا	پردازد
پرستیدن	پوجنا	پرستد
پسندیدن	پسند کرنا	پسندد
پوشانیدن	پہنانا	پوشاند
پوشیدن	پہننا، ڈھانپنا	پوشد
پیچیدن	اینٹھنا، لپٹنا، مڑنا	پیچد

مصدر	معنی	مضارع
	ت	
تابیدن	چمکنا، پھیرنا	تابد
تکانیدن	جھاڑنا، جھٹکنا، جھکا دینا	تکاند
	ج	
جُستن	ڈھونڈنا	جُوید
جنگیدن	لڑنا	جنگد
جُوییدن	ڈھونڈنا	جُوید
	چ	
چَریدن	چرنا	چَرد
چیدن	چننا	چیند
	خ	
خستن	زخمی ہونا، تھکنا	خستد
خوابیدن	سونا	خوابد
	د	
درخشیدن	چمکنا	درخشد
دُزدیدن	چرانا	دُزدد
دویدن	دوڑنا	دود
	ر	
راندن	ہانکنا، چلانا	راند
رُبودن	لے جانا، اُچکنا	رُباید
رسانیدن	پہنچانا	رساند
رمیدن	بھاگنا	رمد

مصدر	معنی	مضارع
رہانیدن	رہائی دینا، رہا کرنا	رہاند
ریختن	گرانا، چھڑکانا	ریزد
	س	
ساختن	بنانا، موافقت کرنا	سازد
سرودن	گانا	سراید
سزیدن	لائق ہونا	سزد
ستاندن	لینا	ستاند
سنجیدن	تولنا	سنجد
سوختن	جلنا، جلانا، روشن کرنا	سوزد
	ش	
شکستن	ٹوٹنا، توڑنا	شکند
شمردن	گننا	شمارد
	ط	
طلبیدن	بلانا، چاہنا، مانگنا	طلبد
	غ	
غریدن	غرانا، دھاڑنا، غصے کی وجہ سے شور کرنا	غرد
	ف	
فرستادن	بھیجنا	فرستد
فرمودن	فرمانا	فرماید
	ک	
کاریدن	بونا	کارد
کاستن	گھٹنا، گھٹانا	کاہد
کاشتن	بونا	کارد
کاہیدن	گھٹنا، گھٹانا	کاہد

مصدر	معنی	مضارع
گشادن	کھولنا	گشاید
گشودن	کھولنا، کھلنا، کھلنا	گشاید۔ گشود
کشیدن	کھینچنا	کشد
کوبیدن، کوفتن	کوٹنا	کوبد
	گ	
گداختن	پگھلنا، پگھلانا، گھلنا، گھلانا	گدازد
گردیدن	پھرنا، ہونا	گردد
گریستن	رونا	گرید
گریختن	بھاگنا	گریزد
گزاردن	ادا کرنا، گزارنا	گزارد
گذشتن	گزرنا	گذرد
گزیدن	چن لینا	گزیند
گشتن	پھرنا، لوٹنا، ہونا	گردد
	م	
مردن	مرنا	میرد
میرانیدن	مار ڈالنا	میراند
	ن	
نگریستن	دیکھنا	نگرد
نمودن	دکھلانا، کرنا	نماید
نواختن، نوازیدن	نوازنا	نوازد
نہادن	رکھنا	نہد
نہفتن	چھپنا، چھپانا	نہفتد
نیازیدن	عاجزی کرنا	نیازد

ترکیب مرکب ہائے ناقص و ترتیب جملہ ہا از کلمات مختلفہ

درسِ اوّل

اَسْمَائے ذات، مُرَکَّبِ اِضَافی

خُدَا ۔ رَسُوْل ۔ نَمَاز ۔ رُوْزَہ ۔ حَجّ

جُمُعَہ ۔ رَمَضَان ۔ کَعْبَہ ۔ نَام ۔ جَہَان

نامِ خُدَا ۔ رَسُوْلِ خُدَا ۔ خُدَائے جَہَان ۔ نَمازِ جُمُعَہ ۔ رُوْزَۂ رَمضان

حَجِّ کَعْبَہ ۔

وَقْت ۔ رُوْز ۔ شَب ۔ صُبْح ۔ شَام ۔ مَاہ ۔ سَال ۔ ثَوَاب

عَذَاب ۔ بِہِشْت ۔ دُوْزَخ ۔ رَاہ ۔ پَیْدَائِش ۔ وَفَات

وَقْتِ شَام ۔ نَمازِ صُبْح ۔ رَاہِ بِہِشْت ۔ عَذَابِ دُوْزَخ ۔ ثَوَابِ رُوْز

شَبِ مِعْرَاج ۔ رُوْزِ پَیْدَائِش ۔ سَالِ وَفَات ۔ مَاہِ رَمَضَان ۔

نَان ۔ گُوْشْت ۔ شِیْر ۔ کَبَاب ۔ بَیْضَہ ۔ آب

گَنْدُم ۔ جَو ۔ بُز ۔ گَاؤ ۔ مُرْغ ۔ آہُو

اَسْپ ۔ سَگ ۔ گُرْبَہ ۔ خَر

نَانِ جَو ۔ گُوْشْتِ بُز ۔ شِیْرِ گَاؤ ۔ کَبَابِ آہُو ۔ بَیْضَۂ مُرْغ

دَانَۂ گَنْدُم ۔ آبِ زَمْزَم ۔ اَسْپِ حَمْد ۔ خَرِ عِیْسٰی ۔ سَگِ اَصْحَابِ کَہْف

گُرْبَۂ مَحْمُوْد ۔

۱۔ پورے سبق کا صاف اور خوشخط اردو ترجمہ اپنی کاپی میں لکھیے

۲۔ فارسی میں ترجمہ کیجیے:

نوکر کا نام۔ جمعہ کا روزہ۔ وفات کا مہینہ۔ رمضان کی رات۔ گندم کی روٹی۔ بکری کا دودھ۔ ہرن کا گوشت۔ تنور کا [illegible]۔ احمد کی بلی۔

۳۔ مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیجیے:

(۱) مرکب اضافی کسے کہتے ہیں اور یہ کس کی قسم ہے؟ (۲) مضاف اور مضاف الیہ دونوں کی تعریفیں بیان کیجیے اور بتائیے کہ ان میں سے کون پہلے اور کون بعد میں آتا ہے؟ (۳) مرکب اضافی کے اردو ترجمے میں مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان کیا لفظ نکلتا ہے؟

درسِ دُوم

اَعضائے بدن، چار جہت، نوِشت وخواند

مُو - سر - چشم - گوش - بینی - دندان - زبان - دہان - رُو

دست - پا - دل - لب - ناخن - پیل - موش

مُوئے سر - چشمِ آہو - زبانِ گاؤ - گوشِ خر - دہانِ اسپ - دندانِ سگ

ناخنِ گربہ - دلِ بز - پائے پیل - دستِ احمد - بینیِ موش - لبِ محمود - رُوئے عیسیٰ۔

خاک - باد - آتش - مشرق - مغرب - شمال

جنوب - دریا - کوہ - زمین - فرش - خانہ

خاکِ طیبہ - آتشِ دوزخ - شاہِ مشرق - تہذیبِ مغرب - بادِ شمال

ملکِ جنوب - دریائے چناب - کوہِ طور - فرشِ زمین - خانۂ خدا

چاقو - کارد - دفتر - قلم - خامہ - کاغذ

مرکب - دوات - کتاب - نی - صندلی

میز - اُستاد - شاگرد - خود - خویش

چاقوئے احمد - کاردِ محمود - قلمِ نی - دفترِ شاگرد - کاغذِ کتاب

مرکبِ خود - صندلیِ اُستاد - میزِ خویش - خامۂ اُستاد - دواتِ احمد

تمرین

۱۔ پورے سبق کا صاف اور خوش خط اردو ترجمہ اپنی کاپی میں لکھیے۔

۲۔ فارسی میں ترجمہ کیجیے:

ہاتھی کا کان۔ احمد کی ناک۔ گدھے کی ٹانگ۔ چوہے کا دانت۔ کتے کا بال۔ اپنا منہ۔ جنوب کی ہوا۔ احمد کی تختی۔ محمود کا پرانا جوتا۔ شاگرد کی سیاہی۔ عابد کی کرسی۔

۳۔ مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیجیے:

(۱) مضاف کے آخری حرف پر عموماً کونسی حرکت ہوتی ہے؟ (۲) مضاف کا آخری حرف "ا" یا "و" ہو تو اس کے بعد کونسا حرف بڑھاتے ہیں؟ (۳) اگر مضاف کا آخری حرف "ہ" مختفی یا "ی" ہو تو اس کے بعد کیا بڑھاتے ہیں؟ (۴) ان میں سے ہر صورت کی دو دو مثالیں اپنے سبق سے تلاش کر کے [illegible] اپنی کاپی پر لکھیے۔

درسِ سوم

ضمیرِ منفصل، ضمیرِ متصل اضافی، خویشاوندان، لباس

اُو - آنہا - اِیشان - تُو - شُما - مَن - ما

مُوئے او - چشمِ آنہا - گوشِ ایشان - بینیِ تو - دہانِ شما - خامۂ من

صندوقِ ما - گنجِ خود - وجہِ خویش -

پِدَر - مادَر - بابا - مامان - پِسَر

دُختَر - بَرادَر - خواہَر - عَم - عَمُو - عَمّہ

خال - دائی - خالہ - زَن - شَوہَر

مامانِ من - بابائی تو - مادرِ ایشان - پدرِ آنہا - پسرِ شما - دخترِ ما - زنِ تو

شوہرِ آنہا - برادرِ من - خواہرِ ایشان - عموئی او - عمۂ شما - عمۂ تو - خالۂ من

دائی آنہا -

ش - شان - اُوشان - ت - تان - م - مان -

کتابش - قلمِ شان - خانۂ اُوشان - چشمت - سرتان - کارم - گوشمان

زینت - پاتو پیش - موہیم - گربہ اش - نامہ ام - خانہ ات -

کُلاہ - دَستار - پَیراہَن - زیرجامہ - شَلوار - کُرتہ - کَفش -

کَمربَند - زیرپَیراہَن - جوراب - دَستکش - دَستمال - لُنگ -

۱۔ پورے سبق کا صاف اور خوشخط اردو ترجمہ اپنی کاپی میں لکھیے۔

۲۔ فارسی میں ترجمہ کیجیے۔

ہمارے رشتوں کا نام۔ اس کی ماں کی چادر۔ تیرے ماموں کی قمیص۔ اُن کے بھائی کی دھوتی۔ میری پھوپھی کا رومال۔ تمہاری ممانی کا دستانہ۔ رمضان کے مہینے کے روزے کا ثواب۔ اُس کے بھائی کے بہن کی آنکھ۔ جمعہ کی نماز کی اذان کا وقت۔ پاکستان کی آزادی کی خوشی کا دن۔

۳۔ مرکب اضافی کی پہچان کے دو آسان طریقے بتایئے، نیز انہیں اپنے سبق میں سے کم از کم دو دو مثالوں کے ذریعے سمجھایئے۔

درسِ پنجم

اسمائے صفت مرکب توصیفی

پاک ۔ پلید ۔ نو ۔ کہنہ ۔ نیک ۔ بد ۔ تنگ ۔ فراخ ۔ مجید

تنِ پاک ۔ آبِ پلید ۔ زیرِ جامۂ نو ۔ کتِ کہنہ ۔ زنِ نیک کارِ بد ۔
دشتِ تنگ ۔ کفشِ فراخ ۔ قرآنِ مجید ۔

سرد ۔ گرم ۔ خشک ۔ تر ۔ جوان ۔ پیر ۔ چابک
تیز ۔ کُند ۔ سیاہ ۔ سفید ۔ سرخ ۔ زرد ۔ سبز

آبِ سرد ۔ نانِ گرم ۔ مردِ جوان ۔ زنِ پیر ۔ چاقوئے تیز ۔ کاردِ کُند
تختۂ سیاہ ۔ گچ سفید ۔ گلِ سرخ ۔ دستارِ سبز ۔ پیراہنِ زرد ۔ اسپِ چابک
خوالۂ خشک ۔ چشمِ سیاہ ۔ دامنِ تر ۔

خوشخو ۔ خوشخط ۔ غمگین ۔ شادمان ۔ دانا ۔ نادان ۔
کر ۔ کوز ۔ لال ۔ لنگ ۔ دانشجو ۔ ہمدرس ۔ دہقان ۔ جدی

دہقانِ جدی ۔ دانشجوئے خوشخط ۔ ہمدرسِ خوشخو ۔ جانِ غمگین ۔ دلِ شادمان
مردِ دانا ۔ طفلِ نادان ۔ گوشِ کر ۔ زبانِ لال ۔ چشمِ کوز ۔ پائے لنگ

۱۔ پورے سبق کا صاف اور خوشخط اردو ترجمہ اپنی کاپی میں لکھیے۔

۲۔ فارسی میں ترجمہ کیجیے:

تنگ ٹوپی۔ کھلی دستک۔ ایک بیٹی۔ پرانا جوتا۔ گرم دودھ۔ بوڑھا مرد۔ سیاہ بال۔
زرد چہرہ۔ سفید توپ۔ محنتی طالب علم

۳۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

(۱) .... پاک (۲) کارد (۳) .... کز (۴) پانے ....
(۵) .... وزر .... (۶) زبان ....

۴۔ مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیجیے۔

(۱) اسم ذات اور اسم صفت کی تعریفیں بتائیے اور اپنے سبق میں سے پانچ اسم ذات اور پانچ اسم صفت چن کر لکھیے (۲) مرکب توصیفی کسے کہتے ہیں اور یہ کس کی قسم ہے؟ (۳) موصوف اور صفت کی تعریف بیان کیجیے اور بتائیے کہ ان میں سے کون پہلے آتا ہے اور کون بعد میں؟ (۴) موصوف کے آخری حرف کی حالت کیا ہوتی ہے؟ مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے (۵) مرکب توصیفی کی پہچان کے دو آسان طریقے بتائیے اور ہر طریقے کو اپنے سبق میں سے کم از کم دو دو مثالوں میں سمجھائیے۔

درسِ ششم

اَسمائے اشارہ، مُرکّب اشاری، واحد و جمع

